| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تینتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ' و ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مصوتے/ مصمتے پہچان سکیں۔<br>' و ' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>' و 'بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مصوتہ ' ا ' کوحروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ پڑھائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کوغیر رسمی طور پر جانچا جائے گا'و'بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف تہجی میں چار مصوتے ہیں۔(Vowels) آج ہم'و'کوبطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔'و' کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ'و'جب لفظ کے شروع میں آتا ہےتواس کی آواز مختلف ہوتی ہے۔ جب درمیان اور آخر میں آتا ہےتواسکی آواز'ہ' کی ہوتی ہے۔ بچوں سے پوچھیے کہ ہم دوحرفی الفاظ بنانے کے لیے حروف تہجی کی کون کون سی اشکال استعمال کرتے ہیں۔ بڑی یا آدھی۔حروف کو ' و ' سے ملا کرتختہ سیاہ/سفید پر لکھیے۔<br>بو پو تو ٹو ثو<br>جو چو حو خو<br>دو ڈو ذو رو ڑو زو ژو<br>سو شو صو ضو طو ظو<br>عو غو فو قو کو گو<br>لو مو نو ہو یو<br>دوحرفی الفاظ کی پڑھائی کروایئے اور بتایئے کہ مصوتہ'و' بھی جب کسی حرف سے ملتا ہےتوتھوڑی لمبی آواز دیتا ہے۔لمبی آواز کی سرگرمی کروایئے بولیے بو و و و و ------- | 10 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ' و ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| | **مرکزی سرگرمی**<br>کتاب صفحہ 101 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کو 'و' کے ساتھ توڑ کر اور پھر ملا کر پڑھایا جائے گا۔ کتاب صفحہ 102 کھولنے کو کہا جائے گا حروف کو و کے ساتھ ملا کر لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | فلیش کارڈ | |
| | **نوٹ:**<br>بچوں کو بتائیے کہ جب ہم حروف کو 'و' کے ساتھ ملاتے ہیں تو حروف ہوا میں لکھے جاتے ہیں۔ جیسا کہ ہوا میں ب کی آدھی شکل بنائیں۔ ایک نقطہ لگائیں۔ اب آدھی شکل جہاں ختم ہو رہی ہے وہاں سے 'و' بنا کر 'و' کو لائن پر بٹھائیں۔ | | کتاب صفحہ نمبر<br>101,102 | |
| | **اختتامیہ:**<br>حروف کو 'و' سے جوڑ کر پڑھنے کی مشق کروایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ' و ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'وٗ' کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ 'وٗ' کو بطور آخری آواز دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مصوتہ 'ا اور 'وٗ' کو حروف کے ساتھ ملا کر تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ مصوتے کل کتنے ہیں؟ ہم کون سا حرف بطور مصوتہ کر رہے ہیں۔ 'وٗ' کو تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو یاد کروایا جائے گا کہ حروف کے آخر میں آنے سے 'وٗ' کی آواز تبدیل ہو جاتی ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>حروف تہجی کے کٹ آؤٹس/ پلاسٹک حروف قالین پر رکھے جائیں گے۔ بچوں کو کٹ آؤٹس/ کھلونے دیے جائیں گے۔ ہر بچے کو ایک سے زیادہ حرف زیادہ جائے گا۔ 'وٗ' کا بڑا کٹ آؤٹ درمیان میں رکھ کر بچوں کو باری باری اپنے حروف سے 'وٗ' کو ملا کر پڑھنے کو کہا جائے گا۔ کتاب صفحہ 103 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دیے گئے حروف کو مصوتہ 'وٗ' سے ملا کر لکھنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>ہوا میں حروف کو 'وٗ' سے ملا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>گھر کا کام:<br>کتاب صفحہ 104 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>5 منٹ<br>25 منٹ<br>5 منٹ | حروف تہجی کٹ آؤٹس پلاسٹک حروف 'وٗ' کا کٹ آؤٹ<br>کتاب صفحہ 103 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'وٗ' بطور مصوتہ پہچاننے آخری آواز اور دوسرے حروف سے ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تینتیسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ' و ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'ؤ' کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ 'ؤ' کو بطور آخری آواز دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>'ؤ' کو دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'وکو' بطور مصوتہ پہچاننے 'ؤ' کو بطور مصوتہ آخری آواز حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ؤ' کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ 'ؤ' شرارتی نو ہے۔ 'ؤ' اپنے سے بعد آنے والے حروف سے نہیں ملتا۔ لیکن اپنے سے پہلے آنے والے حروف کے ساتھ مل جاتا ہے۔ | 5 منٹ | چھوٹے سفید بورڈ مارکر | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>طلباء کو چھوٹے سفید بورڈ اور مارکر دیے جائیں گے۔ معلمہ تختہ سفید/ سیاہ پر 'ؤ' کے دوحرفی لفظ باری باری لکھیں گی اور بچوں کو ان حروف کا توڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔ لکھنے کے بعد طلباء اپنا بورڈ ہوا میں کر کے دکھائیں گے بچوں سے کتاب صفحہ 105 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'خ تا ژ' کو 'ؤ' سے ملا کر لکھنے اور پڑھنے کو کہا جائے گا۔ | 25 منٹ | کتاب صفحہ 105 | |
| | **اختتامیہ:**<br>ہوا میں 'خ تا ژ' سے ملا کر لکھوایا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تیتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ’ و ‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ’وٗ‘ کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ ’وٗ‘ کو بطور آخری آواز دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>’ا اور ؤ‘ کو دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر حروف کی آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔ حروف کو ’وٗ‘ سے ملا کر پڑھایا جائے گا۔ پلے ڈو دے کر حروف کو ’وٗ‘ سے ملانے کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>ایک بچے کو ’وٗ‘ کا بڑا فلیش کارڈ چسپاں کر کے دائرے میں درمیان میں کھڑا کیا جائے گا۔ اور باقی بچوں کو چھوٹے کاغذ کے ٹکڑوں پر حروف کی آدھی اشکال لکھ کر دی جائیں گی۔ تمام آدھی اشکال باری باری مصوتہ ’وٗ‘ کے ساتھ آ کر ملیں گی۔ مثال کے طور پر ب کی آدھی شکل کو سب سے پہلے بلایا جائے گا۔ بچہ ’وٗ‘ کے ساتھ کھڑا ہو کر پڑھ کر بتائے گا۔ کتاب صفحہ 106 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ’س تا غ‘ حروف کو ’وٗ‘ کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>تمام ’وٗ‘ کے دو حرفی الفاظ دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ<br>5 منٹ<br>25 منٹ<br>5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ’وٗ‘ کو بطور مصوتہ پہچاننے ’وٗ‘ کو بطور مصوتہ آخری آواز حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری تینتسواں ہفتہ | موضوع: | مصوتہ ' و ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'و' کو بطور مصوتہ پہچان سکیں۔ 'و' کو بطور آخری آواز دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حروف کو 'و' سے ملا کر دوحرفی الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 3 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'و' کو بطور مصوتہ پہچاننے 'و' کو بطور مصوتہ آخری آواز حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'و' کو بطور مصوتہ پڑھیں گے اور لکھیں گے۔ Salt tray دے کر حروف 'و' سے مل کر لکھنے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔ | 6 منٹ | Salt tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 107 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ف تا ی' حروف کو 'و' سے ملا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔ چارٹ پیپر پر مصوتہ 'و' اور حروف کے توڑ لکھے جائیں گے اور کاغذ کے گلاس پر حروف کو 'و' سے ملا کر لکھا جائے گا۔ بچے باری باری آ کر توڑ پڑھ کر ان کے جوڑ والا گلاس تلاش کر کے اس کے اوپر رکھیں گے۔ | 25 منٹ | کتاب صفحہ 107<br>چارٹ پیپر کاغذ کے گلاس | |
| | **اختتامیہ:**<br>ہوا میں مصوتہ 'و' کے ساتھ ملا کر حروف لکھوائے جائیں گے۔<br>گھر کا کام:<br>کاپی پر حروف کو 'و' سے ملا کر لکھیے۔ | 5 منٹ | | |